# تعارف و تبصرہ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : القرآن شیءٌ عجیب

مصنف : پروفیسر غلام نبی طارق

ضخامت : 596 صفحات ۔ قیمت: درج نہیں۔ سال اشاعت: 2005ء

ملنے کا پتہ: نعمانی کتب خانہ' حق سٹریٹ' اردو بازار' لاہور

فاضل مصنف نے اس کتاب میں نفسِ انسانی اور اس کے رویوں کو موضوع بحث بنایا ہے۔ یوں اُن کی اپروچ نفسیاتی ہے۔ چنانچہ اس موضوع سے متعلقہ الفاظ جہاں جہاں قرآن مجید میں آئے ہیں اس کتاب میں اُن کا ذکر کر کے ان کے مطالب اور مفاہیم کو واضح کیا گیا ہے۔ علم القرآن میں یہ ایک نادر اور جدید کام ہے جو نفسِ انسانی کے حوالے سے قرآن کی اعجازی صفت کو نمایاں کرتا ہے۔

پروفیسر غلام نبی طارق نے سالہا سال تک علم النفس کے حوالے سے قرآن مجید کا بالاستیعاب مطالعہ کیا ہے۔ پھر متعلقہ الفاظ جن آیات میں آئے ہیں اُن کی توضیح کر کے نفسِ انسانی کے مختلف پہلوؤں کی وضاحت کی ہے اور اس بات پر زور دیا ہے کہ انسان خود اپنی مرضی سے زندگی کے رویے اختیار کرتا ہے اور پھر اُن کے زیر اثر جو عمل کرتا ہے منطقی طور پر اُن کے لیے مسئول بھی ہے۔ یوں یہ کتاب قاری میں اپنے اعمال کا جائزہ لینے کا شعور پیدا کرنے میں ممد و معاون ثابت ہو گی۔

اگرچہ کتاب کا موضوع خاصا ثقیل اور عمیق ہے' تاہم مصنف نے اپنے مخصوص اندازِ تحریر سے اس میں دلچسپی کا پہلو پیدا کر دیا ہے۔ کتاب کے آخر میں موضوع سے متعلقہ ایک سو احادیث لکھی گئی ہیں جو نفس انسانی کے مختلف رویوں میں مثبت طرزِ عمل کو واضح کرتی ہیں۔ کتاب کا ٹائٹل دیدہ زیب' کاغذ اور طباعت معیاری اور کمپوزنگ خوبصورت ہے' مگر پروف ریڈنگ کو مناسب اہمیت نہ دینے کی وجہ سے جابجا اغلاط رہ گئی ہیں۔ علم النفس کے حوالے سے قرآن مجید کا مطالعہ کرنے والوں کے لیے یہ کتاب اچھی راہنما ثابت ہو گی۔

© rasailojaraid